کی تبلیغی اور مجاہدانہ سرگرمیوں کے متعلق ایک جامع مقدمہ بھی تحریر فرمایا ہے۔ کتاب کا معیار طباعت و کتابت عمدہ ہے۔

کتاب التوحید | تالیف شیخ الاسلام محمد بن عبدالوہابؒ۔ مترجم مولانا ابوعبداللہ محمد بن یوسف۔ ناشران: نور محمد کارخانۂ تجارت کتب۔ آرام باغ۔ کراچی۔ صفحات ۴۴ا قیمت ۱، ۲ روپے پچاس پیسے۔

قریب کے دور میں امت کے جن مصلحین نے مسلمانوں کے اندر پھیلے ہوئے مشرکانہ خیالات اور اعمال کی اصلاح کی کوششیں کیں۔ اُن میں نجد کے شیخ محمد بن عبدالوہابؒ ایک نمایاں مقام رکھتے ہیں۔ اس کتاب میں انہوں نے قرآن و احادیث نبوی سے توحید کی حقیقت، اس کے حدود، شرک کی مختلف نوعیتوں کی وضاحت کی ہے اور بتایا ہے کہ شرک انسان کو کن کن گمراہیوں میں مبتلا کرتا ہے۔ توحید اسلام کا اساسی عقیدہ ہے۔ اور اس کا نقش دلوں میں بٹھانے کے لیے جو کوشش بھی کی جائے وہ قابلِ قدر ہے۔

کتاب کا معیار طباعت گوارا ہے۔

عبرت کدۂ سندھ | تالیف۔ ڈری یوز فرم ینگ ایجپٹ۔ مترجم۔ جناب سید محمد ضامن کنتوری۔ شائع کردہ نفیس اکیڈیمی۔ بلاسس اسٹریٹ کراچی نمبرا قیمت مجلد بارہ روپے۔ صفحات ۳۹۸

ڈری یوز فرم ینگ ایجپٹ کا یہ سفرنامہ سندھ آج سے قریب قریب سوا سو سال پیشتر شائع ہوا تھا۔ یہ سفرنامہ مصنف نے ہمدردانہ جذبات کے ساتھ لکھا ہے اور اس میں ان مظالم کا ذکر کیا ہے جو سر چارلس نیپیر نے والیان خیرپور اور امیران حیدرآباد پر ڈھائے تھے۔ اس میں سندھ پر انگریزی سپاہ کی یلغار اور اُمرائے سندھ کی دفاعی کوششوں کا بھی تذکرہ ہے۔

کتاب کا مصنف انگریز ہونے کے باوجود انسانی جذبات سے یکسر عاری معلوم نہیں ہوتا اور اس نے اپنی قوم کی چیرہ دستیوں کا کھل کر ذکر کیا ہے۔ اور امیرانِ سندھ کو اپنے ظلم کا تختۂ مشق بنانے کے لیے جو اخلاقی الزامات اُن پر عائد کیے تھے، ان کی بھی تردید کی ہے۔ اس یادداشت کا اردو ترجمہ ۱۹۰۲ء میں